ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ محمد اشرف بھٹی ولد محمد اسماعیل بھٹی قوم بھٹی وفات پا چکا ہے جس کے وارثان میں محمد اسماعیل والد متوفی (پہلے فوت شد) مقصودہ بیگم بیوہ متوفی (زندہ) محمد عرفان بھٹی، محمد عمران بھٹی، پسر متوفی (زندگان) انجم ناہید بھٹی، نویدہ انجم، خاور ندیم، دختران متوفی (زندگان) ظاہر کیے گئے ہیں اگر کسی کو وراثتی انتقال متوفی محمد اشرف بھٹی کسی قسم کا عذر اعتراض ہو تو اندر سات یوم زیر دستخطی میں بمعہ ثبوت پیش ہوں بصورت دیگر وراثتی انتقال بحق وارثان متوفی ظہور احمد تصدیق کر دیا جائے گا بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب قدسیہ بانو صاحبہ
سول جج سیالکوٹ

مرمہ دعوی تقسیم جائیداد

عنوان غزالہ منظور بنام محمد منیر وغیرہ

اشتہار بنام 4 علی حنیف ولد محمد حنیف 5 عمران ولد محمد حنیف ساکنان نزد اللہ چوک محلہ فتح گڑھ، نواز مارکی شہر سیالکوٹ

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہو رہی ہے اس لیے اشتہار ہذا بنام مدعا علیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعا علیہ تاریخ 08-04-2024 بوقت صبح 9 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کارروائی یک طرفہ عمل میں آوے گی آج بدست ہمارے اور مہر عدالت جاری ہوا ہے

بعدالت جناب نیلوفر صاحبہ سول
جج سیالکوٹ

دعوی تنسیخ نکاح

عنوان آسیہ اکرم بنام مرزا آصف بیگ

اشتہار بنام مرزا آصف بیگ ولد غلام محمد ساکن بھگل تحصیل و ضلع سیالکوٹ

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہو رہی ہے اس لیے اشتہار ہذا بنام مدعا علیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعا علیہ تاریخ 04-04-2024 بوقت صبح 9 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کارروائی یک طرفہ عمل میں آوے گی آج بدست ہمارے اور مہر عدالت جاری ہوا ہے

اطلاع گمشدگی پالیسی

اسٹیٹ لائف کارپوریشن کی جاری کردہ پالیسی نمبر 509782487-0 بنام فیصل منیر ولد منیر احمد مالیت چھ لاکھ روپے گم ہوگئی ہے اگر تیس یوم تک اعتراض موصول نہ ہوا تو پالیسی سرنڈر کردی جائیگی۔ منجانب: جنرل مینیجر اسٹیٹ لائف کارپوریشن آف پاکستان جھنگ زون

گمشدگی پاسپورٹ

میرا پاسپورٹ نمبر JC6912861 شناختی کارڈ نمبر 35302-7259286-7 دوران سفر علاقہ گشکوریاں میں کہیں گر کر گم ہوگیا ہے اگر کسی کو ملے تو اس پتہ پر ارسال کردیں شکریہ

المشتہر۔ شاہد حسین ولد غلام حسین ساکن گشکوریاں آرائیاں ضلع اوکاڑہ AS

بعدالت جناب حافظ محمد زبیر
صاحب سینئر سول جج فیملی ڈویژن
منڈی بہاالدین

درخواست حصول سرٹیفکیٹ گارڈین بعنوان رضیہ رانی بیوہ طلحہ خلیل سکنہ نزد لیاقت گجر کا دارہ محلہ تاج پورہ تحصیل و ضلع منڈی بہاالدین بنام عوام الناس ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں سائل نے درخواست حصول سرٹیفکیٹ گارڈین دائر کی ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو عذر نسبت درخواست ہو تو بتقرر 25-03-2024 بوقت 09 بجے صبح کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آویں بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ یکطرفہ عمل میں لائی جائیگی اور کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب حافظ محمد زبیر
صاحب سینئر سول جج فیملی ڈویژن
منڈی بہاالدین

درخواست حصول سرٹیفکیٹ گارڈین بعنوان رضیہ رانی بیوہ طلحہ خلیل سکنہ نزد لیاقت گجر کا دارہ محلہ تاج پورہ تحصیل و ضلع منڈی بہاالدین بنام عوام الناس ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں سائل نے درخواست حصول سرٹیفکیٹ گارڈین دائر کی ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو عذر نسبت درخواست ہو تو بتقرر 25-03-2024 بوقت 09 بجے صبح کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آویں بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ یکطرفہ عمل میں لائی جائیگی اور کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب مسز عاشی عظمت
صاحبہ سول جج درجہ اول / فیملی
کورٹ تاندلیانوالہ ضلع فیصل آباد

درخواست حضانت زیر دفعہ 25 گارڈین اینڈ وارڈ ایکٹ 1790: جہانگیر ولد شاہ مند علی بنام اللہ معافی وغیرہ اشتہار بنام اللہ معافی دختر امیر علی، ایمان فاطمہ دختر جہانگیر اقوام بھٹی ساکنان چک نمبر 401 گ ب تحصیل تاندلیانوالہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے۔ مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ مقررہ تاریخ 25-03-2024 بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں بصورت دیگر حسب ضابطہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری کیا گیا۔

بعدالت جناب ریونیو
آفیسر 104 گ ب/ADLR
جڑانوالہ

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ہدایت اللہ ولد ابراہیم جو کہ چک نمبر 104 گ ب تحصیل جڑانوالہ ضلع فیصل آباد میں مالک اراضی فوت ہو چکا ہے۔ جس کے وارثان میں حیات بی بی والدہ، ابراہیم والد، صفیہ بی بی زوجہ (پہلے فوت شدگان)۔ محمد یٰسین، بلیامین، محمد کریم، محمد نعیم پسران، یاسمین دختر (زندہ) حیات وارث تصدیق ہوئے اگر کسی کو کوئی عذر ہو تو وہ بعد از اشاعت 7 یوم کے اندر اندر دفتر ہذا سے رجوع کریں بعد میں کوئی عذر قبول نہ ہوگا۔

درستگی نام

میری شعبہ امتحانات تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان، مڈل، میٹرک، ایف۔اے، بی۔اے، ایم۔اے کی اسناد اور رزلٹ کارڈ پر غلطی سے میرا نام قمر عباس درج ہوگیا ہے جبکہ میرا درست نام حافظ قمر عباس بن محمد صدیق ہے۔ لہذا میری مذکورہ اسناد اور رزلٹ کارڈ پر میرا درست نام حافظ قمر عباس درج کیا جائے۔ المشتہر: حافظ قمر عباس ولد محمد صدیق ساکن چک نمبر 464 جوڑی والا ڈاکخانہ خانوآنہ تحصیل و ضلع جھنگ۔

بعدالت جناب محترم محمد اطہر
افضل صاحب سول جج درجہ اول
چونیاں ضلع قصور۔

دعوی استقرار حق وغیرہ عنوان مقدمہ۔ محمد اشرف ولد غلام نبی بنام چیئرمین واپڈا وغیرہ اشتہار بنام چیئرمین واپڈا لاہور، ایکسین واپڈا سرکل چونیاں، S.D.O واپڈا سرکل چونیاں، R.O واپڈا سرکل چونیاں (مدعا علیہم) ہرگاہ مدعا علیہم کو مطلع کیا جاتا ہے کہ دعوی عنوان بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے۔ اس لیے وہ بتقرر 25-03-2024 بوقت 09:00 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر پیروی کرے۔ بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔

بعدالت جناب سہیل انور خان
نیازی صاحب نائب تحصیلدار
تاندلیانوالہ

شجرہ نسب چک نمبر 408 گ ب تحصیل تاندلیانوالہ بسلسلہ تصدیق شجرہ نسب پیش ہوا ہے جس میں محمد اقبال متوفی حال کے نام درج ہے جو وہ فوت ہو چکا ہے جس کے حقیقی وارثان روشاں بی بی والدہ پہلے فوت شد، محمد یوسف والد پہلے فوت شد، حنیفہ بیگم بیوہ زندہ، سکندر اقبال پسر زندہ، چندا اقبال دختر زندہ اگر ان کے علاوہ کوئی وارث ہو یا کسی شخص کو اعتراض یا عذر ہو تو اندر اشاعت اخبار سات یوم زیر دستخطی کے در بروہمراہ ثبوت پیش ہوں وگرنہ تصدیق شجرہ نسب کر دی جائے گی۔ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب محترم محمد اطہر
افضل صاحب سول جج درجہ اول
چونیاں ضلع قصور۔

دعوی استقرار حق وغیرہ عنوان مقدمہ۔ محمد اشرف ولد محمد اقبال بنام چیف ایگزیکٹو لیسکو وغیرہ اشتہار بنام چیف ایگزیکٹو لیسکو واپڈا 22/A کوئنز روڈ لاہور، ڈپٹی مینجر اپریشن لیسکو واپڈا ڈویژن چونیاں، آر۔او۔ واپڈا لیسکو واپڈا چونیاں، اسسٹنٹ مینجر واپڈا لیسکو سب ڈویژن الہ آباد تحصیل چونیاں ضلع قصور (مدعا علیہم) ہرگاہ مدعا علیہم کو مطلع کیا جاتا ہے کہ دعوی عنوان بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے۔ اس لیے وہ بتقرر 25-03-2024 بوقت 09:00 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر پیروی کرے۔ بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔

از دفتر ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن آفیسر
جھنگ

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ شجرہ متوفی محمد نواز ولد برخوردار۔ درخواست محمد سجاد وغیرہ متوفی محمد نواز نے تبدیلی ٹیکس زیر دستخطی کو پیش کی ہے۔ مطابق ریکارڈ PT-I ٹیکس پراپرٹی نمبر B730 بلاک XII محلہ پرانی عیدگاہ جھنگ صدر کا اندراج محمد نواز وغیرہ پسران محمد غوث کا ہے۔ مطابق درخواست درست ریکارڈ مطابق رجسٹری اندراج ہونا مطلوب ہے۔ اگر کسی وارث یا دیگر کسی شخص کو کسی قسم کا کوئی اعتراض ہو تو اندر سات یوم دفتر زیر دستخطی کے روبرو پیش ہو کر اعتراض کرسکتا ہے عدم اعتراض کی صورت کا ادارہ ذمہ دار نہ ہوگا۔

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب
/ اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول تحصیل
جھنگ

عنوان: تصدیق انتقال وراثت موضع جھنگ چک جنوبی تحصیل و ضلع جھنگ۔ ہرگاہ خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ (متوفیہ) غلام زہرہ دختر امیر حسین شاہ کے وارثان (فقہ جعفریہ) ام فضل، امیر حسین شاہ والدین پہلے فوت شد۔ سید ناصر عباس شاہ سرور خاوند بعد فوت شد۔ حدیقہ نقوی، سیدہ سمانہ نرجس دختران زندہ ظاہر کیے گئے ہیں۔ وارثان بارے اگر کسی کو کوئی عذر اعتراض ہو تو اندر سات یوم اپنا عذر اعتراض پیش عدالت زیر دستخطی کرے بعد از گزرنے میعاد کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائیگا۔

بعدالت جناب سام اللہ صاحب
فیملی جج شورکوٹ

عنوان مقدمہ: ارم شہزادی بنام لیاقت علی۔ مرمعہ دعوی تنسیخ نکاح بربنائے خلع۔ اخبار اشتہار بنام لیاقت علی ولد محمد نواز قوم کھوٹ سکنہ کالونی قائم بھروانہ تحصیل شورکوٹ ضلع جھنگ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ممکن نہ ہے اسلئے بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ بتقرر 26.03.2024 کو بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط میرے اور مہر عدالت سے جاری ہوا

بعدالت جناب چوہدری محمد اکرم
صاحب نائب تحصیلدار شورکوٹ

عنوان مقدمہ: ممتاز حسین بنام مجاہد شیر بہادر۔ درخواست تقسیم اراضی کھاتہ نمبر 138/2 چک نمبر 496 تحصیل شورکوٹ ضلع جھنگ۔ اخبار اشتہار بنام مجاہد شیر بہادر قوم راجپوت کاٹھیہ سکنہ چک نمبر 496 تحصیل شورکوٹ ضلع جھنگ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ممکن نہ ہے اسلئے بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ بتقرر 25.03.2024 کو بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط میرے اور مہر عدالت سے جاری ہوا

بعدالت جناب اسافلک رانا
صاحبہ فیملی جج ساہیوال

دعوی تنسیخ نکاح ۔ عنوان مقدمہ۔ رابعہ بنام عظیم خاں۔ اشتہار اخبار بنام عظیم خاں ولد محمد یوسف ساکن محلہ گلبرگ ٹاؤن بائی پاس تحصیل چیچہ وطنی ضلع ساہیوال ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ ہونی مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ تاریخ مقررہ 25-03-2024 کو بوقت 09 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا

بعدالت جناب چوہدری شاہد
صاحب نائب تحصیلدار ڈسکہ

درخواست تقسیم اراضی وکیے جانے حکم رضیہ بی بی بنام محمد شریف ولد محمد سردار، صنم بی بی، نازیہ بی بی دختران عدیل حسین پسر احمد محمد جاوید، محمد قیصر، سیف اللہ پسر رخسانہ دختر رحمت ساکنان بڈھا گورائیہ تحصیل ڈسکہ ضلع سیالکوٹ ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی آسان طریقہ سے تعمیل نہ ہو سکتی ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار ہزا مدعا علیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ 26/03/2024 کو بوقت 9 بجے صبح عدالت میں اصالتاً یا وکالتاً حاضر ہو کر اپنا عزر یا اعتراض پیش کرے بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی جاری شدہ

بعدالت جناب الیاس رضا ناصر
صاحب سینئر سول جج فیملی
ڈویژن اوکاڑہ

دعوی: تنسیخ نکاح خرچہ نان و نفقہ سامان جہیز وغیرہ

عنوان: مبین یوسف: بنام غلام رسول

اشتہار بنام: غلام رسول ولد میاں خاں قوم بھٹی سکنہ 38/2R تحصیل و ضلع اوکاڑہ۔ مدعا علیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعا علیہ تاریخ 29.03.24 کو بوقت صبح 9 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کارروائی یک طرفہ عمل میں آوے گی اور بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا آج بدستخط میرے و مہر عدالت جاری ہوا۔

بعدالت جناب عدنان احمد
گوندل صاحب سول جج اوکاڑہ

دعوی: تعمیل مختص معہ حکم امتناعی دوامی

عنوان: ڈاکٹر خرم اعجاز بنام: یونس مسیح اشتہار اخبار: یونس مسیح ولد اللہ دتہ قوم چوہان سکنہ نیو کرسچن کالونی عیدگاہ روڈ تحصیل و ضلع اوکاڑہ۔ ہرگاہ مدعا علیہ تاریخ 02.04.24 کو بوقت صبح 9 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کارروائی یک طرفہ عمل میں آوے گی اور بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا آج بدستخط میرے وم

بعدالت جناب ریونیو
آفیسر 94 گ ب/ADLR
جڑانوالہ

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ جمیلہ بیگم بیوہ عبدالغفار خاں (دختر محمد اسماعیل) جو کہ چک نمبر 94 گ ب تحصیل جڑانوالہ ضلع فیصل آباد میں مالک اراضی فوت ہو چکی ہے۔ جس کے وارثان میں زینب بی بی والدہ، محمد اسماعیل والد، عبدالغفار خاں (پہلے فوت شدگان)۔ رانا عابد محمود خاں، محمد خالد محمود، رانا ساجد محمود خاں پسران، ساجدہ رانی دختر (زندہ) حیات وارث تصدیق ہوئے اگر کسی کو کوئی عذر ہو تو وہ بعد از اشاعت 7 یوم کے اندر اندر دفتر ہذا سے رجوع کریں بعد میں کوئی عذر قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب ریونیو آفیسر 569 گ
ب/ADLR جڑانوالہ

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ حیات بی بی بیوہ مانی خان (دختر خان محمد) جو کہ چک نمبر 569 گ ب تحصیل جڑانوالہ ضلع فیصل آباد میں مالک اراضی فوت ہو چکی ہے۔ جس کے وارثان میں بھلاں خاتون والدہ، خان محمد والد، مانی خان خاوند، غلام قادر خان پسر (پہلے فوت شدگان)۔ لیاقت علی خان، غلام عباس خان، محمد اقبال خان پسران، زینب بی بی، احسان بی بی دختران، محمد ساجد خان پوتا، نادیہ بی بی، رابعہ خان پوتیاں (زندہ) حیات وارث تصدیق ہوئے اگر کسی کو کوئی عذر ہو تو وہ بعد از اشاعت 7 یوم کے اندر اندر دفتر ہذا سے رجوع کریں بعد میں کوئی عذر قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب محترمہ نسیم اختر
ناز صاحبہ سول جج درجہ اول
چونیاں ضلع قصور۔

درخواست حصول سرٹیفکیٹ گارڈین عنوان درخواست۔ صغریٰ بی بی زوجہ محمد شفیع قوم ڈوگر ساکن ڈھگ ڈاکخانہ محمدی پور تحصیل چونیاں ضلع قصور (سائلہ) بنام عوام الناس وغیرہ اشتہار بنام عوام الناس ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درخواست عنوان بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے۔ عوام الناس میں سے اگر کسی کو کوئی عذر یا شکایت نسبت درخواست عنوان بالا ہو تو وہ بتقرر 25-03-2024 بوقت 09:00 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر پیروی کرے۔ بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔

اطلاع عام

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمی ابوبکر جو کہ فرم ہذا (M/s Sab Apparel) میں حصہ دار تھے۔ مورخہ 28 اکتوبر 2023 سے فرم ہذا میں اس کا نام ابوبکر سے تبدیل کر کے ابوبکر وحید کر دیا گیا ہے۔ اور ان کا ایڈریس ہاس نمبر 70 محلہ B بلاک مارکیٹ کوارٹرز ماڈل ٹان لاہور سے تبدیل کر کے فیز 05 ڈیفنس ہاسنگ سوسائٹی ہاس نمبر 105 Block-K لاہور کر دیا گیا ہے اعتراضات کی صورت میں رجسٹرار آفس سے رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

کبھی پرویز الٰہی کو نہیں کہا کہ بانی پی ٹی آئی کو چھوڑ دیں چوہدری سالک

مونس الٰہی نے چوہدری شجاعت کو کہا تھا کہ سیاست اپنی اپنی ہوگی، گورنر پنجاب کے فیصلے پر ہم سے مشاورت نہیں کی گئی، انتخاب پیپلز پارٹی کا مینڈیٹ ہے

ادارے اندر سے کھوکھلے ہو چکے، سمندر پار پاکستانیوں کے لیے تفصیلی پلان بنا رہے ہیں، اوورسیز کو زمین کی خرید و فروخت کے لیے پاکستان نہیں آنا پڑے گا

گجرات (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر برائے سمندر پار پاکستانی چوہدری سالک حسین نے کہا ہے کہ کبھی پرویز الٰہی کو نہیں کہا کہ بانی پی ٹی آئی کو چھوڑ دیں۔ گجرات میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے چوہدری سالک حسین کا کہنا ہے کہ مونس الٰہی نے چوہدری شجاعت حسین کو کہا تھا کہ سیاست اپنی اپنی ہوگی۔ مسلم لیگ ق کے رہنما کا کہنا ہے کہ گورنر پنجاب کے فیصلے پر ہم سے مشاورت نہیں کی گئی، گورنر پنجاب کا انتخاب پیپلز پارٹی کا مینڈیٹ ہے۔(بقیہ نمبر57)

روحانی پیشواء سید عرفان احمد شاہ المعروف نانگامست کا مدینہ سے عمرہ کی سعادت حاصل کرتے ہوئے شرکاء کے ہمراہ گروپ فوٹو

رمضان کا بابرکت مہینہ رحمتوں اور بخشش کا مہینہ ہے، سید عرفان احمد شاہ

رمضان عظیم نعمت، قرآن مجید اور رسول اللہ کا عشق ہر مسلمان کا خاصہ ہے، روحانی پیشواء

لاہور (نامہ نگار) رمضان شریف کا بابرکت مہینہ رحمتوں اور بخشش کا مہینہ ہے روزے داروں کے لیے جہنم سے آزادی اور جنت میں لے جانے کا مہینہ ہے۔ ان خیالات کا اظہار روحانی پیشواء سید عرفان احمد شاہ نے میڈیا نمائندگان سے گفتگو کے دوران کیا۔ یاد رہے روحانی پیشواء سید عرفان احمد شاہ المعروف نانگامست مدینہ سے عمرہ کی سعادت حاصل کر کے 26 مارچ رات آٹھ بجے (بقیہ نمبر58)

پیپلز پارٹی لاہور کے سنیئر نائب صدر محمد اشرف بھٹی کو سپرد خاک کردیا گیا

نماز جنازہ میں حاجی میاں عزیز الرحمٰن چن، اسلم گل، نوید چوہدری، ذوالفقار خان ودیگر کی شرکت

لاہور (پ،ر) پیپلز پارٹی لاہور کے سنیئر نائب صدر محمد اشرف بھٹی کو سپرد خاک کردیا گیا ہے، گزشتہ روز ان کی نماز جنازہ سج پال فیز ایٹ میں ادا کی گئی، جس میں پیپلز پارٹی لاہور کے سابق صدور حاجی میاں عزیز الرحمٰن چن، چودھری محمد اسلم گل، محمد نوید چودھری، زاہد ذوالفقار خان، زاہد علی شاہ، نصیر احمد، میاں رمضان، چودھری عاطف رفیق اور صداقت شیروانی سمیت جیالوں اور (بقیہ نمبر 59)

سیاسی استحکام ہی اقتصادی استحکام کا ذریعہ بنتا ہے، میاں ایوب

ملک کی خاطر سب سیاسی جماعتوں کو ایک پیج پر آنا ہوگا، سابق مشیر وزیر اعظم

لاہور (پ،ر) پیپلز پارٹی پنجاب کے نائب صدر اور سابق مشیر وزیر اعظم میاں محمد ایوب نے کہا ہے کہ ملک کو احتجاجی اکھاڑے میں تبدیل کرنے کی بجائے ہمارے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی تجویز میثاق معیشت کی طرف پیش قدمی کی جائے اگر پی ٹی آئی والے ملک میں مفاہمت کی سیاست کی بجائے احتجاج کی سیاست کریں گے تو پھر اس سے ملک مزید مشکلات کا شکار ہوگا، عوام مہنگائی (بقیہ نمبر 60)

بچے کے کٹی پتنگ لوٹنے کے دوران کرنٹ لگنے کا تاثر قطعی حقائق کے برعکس ہے، پنجاب پولیس

لاہور (این این آئی) ترجمان پنجاب پولیس نے سرگودھا کے علاقے تغلق پارک میں پتنگ بازی سے بچے کے جاں بحق کے واقعہ پر اپنی وضاحت میں کہا ہے کہ بچے کے کٹی پتنگ لوٹنے کے دوران کرنٹ لگنے کا تاثر قطعی طور پر حقائق کے برعکس ہے۔ بچہ کبوتر اڑانے کے لئے لوہے کا راڈ استعمال کر رہا تھا، راڈ ہائی وولٹیج تاروں سے ٹکرانے سے کرنٹ لگنے سے جاں بحق ہوا۔ بچے کا نانا اس حوالے سے تمام (بقیہ 5 نمبر 55)

لاہور سمیت پنجاب کے مختلف شہروں میں بارش سے موسم خوشگوار

لاہو (آئی این پی) لاہور سمیت پنجاب کے مختلف شہروں میں سحری کے وقت بارش اور ٹھنڈی ہواوں کے باعث موسم خوشگوار ہوگیا۔ صوبہ پنجاب کے علاقے مریدکے، شیخوپورہ، ننکانہ صاحب، صفدر آباد، جڑانوالہ، فیصل آباد، چنیوٹ، ٹوبہ ٹیک سنگھ اور کاموکی میں کہیں ہلکی اور کہیں تیز بارش ہوئی۔ اسی طرح اوکاڑہ، جھنگ، بہاولپور، رینالہ خورد، کوٹ ادو، بھلوال، کبیروالا اور حافظ آباد میں بھی بادل برسے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق ملک کے بیشتر علاقوں میں موسم خشک اور بالائی علاقوں میں مطلع جزوی ابر آلود رہے گا

لیاقت بلوچ سے انٹرنیشنل ریپبلکن انسٹیوٹ واشنگٹن کے سربراہ کینٹ پیٹن کی ملاقات

لاہور (این این آئی) انٹرنیشنل ریپبلکن انسٹی ٹیوٹ واشنگٹن کے سربراہ کینٹ پیٹن کی قیادت میں وفد نے جماعت اسلامی پاکستان کے نائب امیر لیاقت بلوچ سے منصورہ میں ملاقات، اس موقع (بقیہ نمبر50) پر ڈاکٹر فرید احمد پراچہ، ڈاکٹر زبیدہ جبین ہاشمی، جنید آفتاب اور عالیہ بانو بھی موجود تھیں، لیاقت بلوچ نے وفد کو منصورہ میں خوش آمدید کہا۔ لیاقت بلوچ نے وفد سے گفتگو اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو کا غزہ و فلسطین کے عوام سے (بقیہ نمبر 54)

CARPET MANUFACTURERS
MEA
ASSOCIATION
PAKIST

لاہور، اقوام متحدہ ہائی کمشنر برائے مہاجرین کی ایشیاء اور پیسفک کی ریجنل بیورو وواملا بایوک تسکن کو کارپٹ ایسوسی ایشن کے سنیئر وائس چیئرمین سونیئر پیش کررہے ہیں

دولت پور: زمین کے تنازع پر فائرنگ سے 7 افراد جاں بحق، 8 زخمی

نوابشاہ کے علاقے دولت پور کے گاؤں واحد ڈاہری میں زمین کے تنازع پر دو گروپوں میں فائرنگ کا واقعہ پیش آیا، علاقے میں خوف و ہراس

واقعہ کی اطلاع ملتے ہی پولیس نے موقع پر پہنچ کر کارروائی کا آغاز کردیا، نعشوں کو پیپلز میڈیکل ہسپتال نوابشاہ منتقل کردیا گیا، پولیس حکام

دولت پور (مانیٹرنگ ڈیسک) زمین کے تنازع پر فائرنگ کے دوران 5 افراد جاں بحق جبکہ 8 زخمی ہوگئے۔ نوابشاہ کے علاقے دولت پور کے گاؤں واحد ڈاہری میں زمین کے تنازع پر دو گروپوں میں فائرنگ کا واقعہ پیش آیا جس کے نتیجے میں 5 افراد جان سے چلے گئے جبکہ 8 زخمی ہوئے ہیں۔ واقعہ کی اطلاع ملتے ہی پولیس نے موقع پر پہنچ کر کارروائی کا آغاز کر دیا۔ پولیس حکام کے مطابق نعشوں کو پیپلز میڈیکل ہسپتال نوابشاہ منتقل کر دیا گیا، جاں (بقیہ نمبر50)

کراچی، ماہ رمضان میں گائے، بکرے کے گوشت کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ

کراچی (آئی این پی) قیمتوں پر قابو پانے کے موثر طریقہ کار کی عدم موجودگی میں پاکستان کے روایتی گوشت کے پکوان، بکرے اور گائے کے گوشت کی ترکیبیں رمضان کے دوران کراچی میں متوسط طبقے سے تعلق رکھنے والے لوگوں کی ایک بڑی تعداد کی پہنچ سے باہر ہو چکی ہیں کیونکہ تاجروں کے نرخوں اور سرکاری طور پر مطلع ہونے والی اشیا کی قیمتوں میں فرق وسیع ہوگیا ہے۔ گوشت کے تاجروں نے پہلے ہی سرکاری نرخوں کو مسترد کردیا ہے اور دھمکی دی ہے کہ اگر قیمتوں کو معقول نہ بنایا گیا تو وہ اپنا کاروبار بند کردیں

لاہور، نامعلوم افراد شہریوں سے دو عدد موبائل، 70 ہزار روپے لوٹ کر فرار

لاہور (آئی این پی) تھانہ لورمال کی حدود میں واقع الحبیب پارک بلال گنج میں ڈکیتی کی واردات کے دوران نامعلوم افراد اسلحے کے زور پر دو عدد مہنگے موبائل اور 70 ہزار روپے لوٹ کر فرار ہوگئے۔ واردات کی سی سی ٹی وی فوٹیج منظر عام پر آگئی جس میں دیکھا جا سکتا ہے کہ حسام منیر اور زمان علی نامی دو نوجوان تراویح پڑھ کر اپنے گھر کے باہر کھڑے تھے کہ اچانک بائیک پر سوار دو نامعلوم افراد گن پوائنٹ پر واردار کرنے پہنچ گئے۔ متعلقہ پولیس نے موقع پر پہنچ کر جائے وقوع کی جانچ پڑتال شروع کردی

کراچی، ریٹائرڈ پولیس اہلکار کو بیٹوں نے گلا گھونٹ کر قتل کردیا

کراچی (آئی این پی) سولجر بازار میں ہفتے کو جھلس کر جاں بحق ہونے والے ریٹائر پولیس اہلکار کو اس کے بیٹوں نے گلا گھونٹ کر قتل کرنے کے بعد واقعے کو خودکشی کا رنگ دینے کے لیے لاش کو آگ لگا دی تھی۔ پولیس نے مقتول پوسٹ مارٹم میں قتل ثابت ہونے کے دونوں بیٹوں کو گرفتار کر کے سرکاری مدعیت میں قتل کی دفعات کے تحت مقدمہ درج کرلیا۔ سولجر بازار ایک نمبر گل رانا کالونی میں (بقیہ نمبر 45)

لاہور، پام سنڈے کے موقع پر رکن پنجاب اسمبلی طارق مسیح گل جلوس کی قیادت کررہے ہیں

پولیس نے بیوی کو قتل کرنیوالے شوہر کو بھائی سمیت گرفتار کرلیا

ملزمان نور احمد اور اس کے بھائی اختر مقتولہ کو جائیداد کے تنازعہ پر گلا دبا کر قتل کیا تھا

لاہور (این این آئی) انچارج انویسٹی گیشن پولیس کاہنہ اصغر علی نے پولیس ٹیم کے ہمراہ کامیاب کارروائی کر کے بیوی کو قتل کرنے والے شوہر کو اس کے بھائی سمیت گرفتار کرلیا۔ گرفتار ملزمان میں مقتولہ سلمی بی بی کا شوہر نور احمد اور اس کا بھائی اختر شامل ہیں، ملزمان نور احمد اور اس کے بھائی اختر نے مقتولہ کو تشدد کر کے گلا دبا کر قتل کر دیا تھا اور موقع سے فرار ہوگئے تھے۔ انچارج انوسٹی گیشن (بقیہ نمبر 48)

پاکستانی وفد دوطرفہ تجارتی چیلنجز پر بات چیت کیلئے آج کابل کا دورہ کریگا

دونوں ممالک کے درمیان تعلقات میں ایک طویل مدت تک تنزلی کا رجحان رہا ہے، محمد زبیر موتی والا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کی وزارت تجارت دوطرفہ تجارتی امور پر تبادلہ خیال کرنے اور پاکستان اور افغانستان کے درمیان سرحدی کراسنگ پوائنٹس پر ٹرانسپورٹرز اور تاجروں کو درپیش رکاوٹوں کو دور کرنے کے لیے مشترکہ اقدامات کرنے کیلئے ایک وفد (آج) پیر کو کابل بھیجنے کیلئے تیار ہوگی۔ عرب میڈیا کے مطابق ملکی برآمدات کو فروغ دینے والے ادارے ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان (بقیہ نمبر 47)

حیدر آباد، مبینہ ڈاکوں کی گاڑی الٹ گئی، 3 افراد چل بسے

پولیس نے لاشوں کو پوسٹ مارٹم کے لئے استعمال منتقل کر دیا

حیدر آباد (آئی این پی) حیدرآباد میں انڈس ہائی وے پر خانوٹ کے قریب مبینہ ڈاکوں کی گاڑی الٹ گئی، گاڑی میں سوار تین افراد موقع پر چل بسے۔ لاشوں کو پوسٹ مارٹم کے لئے استعمال منتقل کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق خانوٹ کے قریب پولیس نے دوران گشت مشتبہ گاڑی کو روکنے کی کوشش کی تو ملزمان نے پولیس پر فائرنگ شروع کردی، جوابی فائرنگ اور تعاقب کرنے پر ڈاکوں کی گاڑی (بقیہ نمبر 46)

افطار دسترخوان
سحری سب کے لیے

کراچی، مرکزی مسلم لیگ کراچی کے افطار دسترخوان پر افطاری کی تیاری کی جارہی ہے

اشرف خان کا کی جانب سے پیپلز پارٹی کے راہنماوں کے اعزاز میں افطار ڈنر

ایم پی اے نیلم جبار اور گلف و مڈل ایسٹ کے صدر میاں منیر ہانس نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی

لاہور (پ،ر) پیپلز پارٹی لاہور کے سیکرٹری فنانس اشرف خان کا اپنی رہائش گاہ ویلنشیا ٹاون میں پیپلز پارٹی کے راہنماوں کے اعزاز میں افطار ڈنر، ایم پی اے نیلم جبار اور گلف و مڈل ایسٹ کے صدر میاں منیر ہانس نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی، پارٹی کے سنیئر رہنما عبدالقادر شاہین، پنجاب کے نائب صدر اور سابق مشیر وزیر اعظم میاں محمد ایوب، سنیئر رہنما محمد نوید چودھری، چودھری محمد اسلم گل، ذوالفقار علی بدر، رانا فاروق اشرف، سلیم شہزاد، ممبر پنجاب کونسل انجم بٹ، عمر کسانہ، صداقت شیروانی، رانا ضیاء الرحمن، ایاز گل، پرنس اقبال گورایہ، اعجاز فرخ، افہوش کلب کے صدر ڈاکٹر قیصر، میڈیم نصرت جبیں، پروفیسر وسیم چودھری، عامر نصیر بٹ، چودھری عاطف رفیق، برہان اشرف، وقار ملک اور فلک شیر (بقیہ نمبر 56)

تمام تر اختلافات کو پس پشت ڈال کر ایک قوم بننا ہوگا، انجم بٹ

عوام کی زندگیوں میں خوشحالی لانے کیلئے اجتماعیت کی سوچ کو فروغ دینا ہوگا، گفتگو

لاہور (پ،ر) پیپلز پارٹی پنجاب کونسل کے ممبر انجم بٹ نے کہا ہے کہ سب پاکستانیوں کو اپنے تمام تر اختلافات کو پس پشت ڈال کر ایک قوم بننا ہوگا، ملک کو مشکلات کی دلدل سے نکالنے اور عوام کی زندگیوں میں خوشحالی لانے کیلئے اجتماعیت کی سوچ کو فروغ دینا ہوگا اور اس مقصد کے لیئے پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کے شانہ بشانہ چلنا ہوگا پیپلز پارٹی کی لیڈر شپ نے ہمیشہ ملک کی ترقی اور عوام کے مسائل کو حل کروانے کی سیاست کی ہے جب ہم سب مل کر محنت کریں گے تو پھر حقیقی کامیابی ہمارے قدم چومے گی۔

لاہور، صوبائی وزیر خوراک بلال یاسین ماڈل بازار میں شہریوں سے گفتگو کررہے ہیں

اساتذہ کو LPR پر بھیجنے سے اساتذہ کی کمی واقع ہوجائیگی، چوہدری سرفراز

تقریباً سوا لاکھ اساتذہ کی آسامیاں خالی ہونیکی وجہ سے نظام تعلیم شدید متاثر ہورہا ہے، رانا لیاقت علی

لاہور (نیوز رپورٹر) پنجاب ٹیچرز یونین کے مرکزی صدر چوہدری سرفراز، رانا لیاقت، سعید نامدار، رانا انوار، نادیہ جمشید، ملک مستنصر باللہ اعوان، اسلم گھمن، مصطفیٰ سندھو، آغا سلامت، چوہدری محمد علی، میاں ارشد، رانا الیاس، چوہدری عباس، طارق زیدی، مبینہ راشد، مرزا طارق، رانا خالد، طاہر اسلام، غفار اعوان، نذیر گجر، اختر بیگ، مصطفیٰ وٹو ودیگر نے کہا ہے کہ لیو انکیشمنٹ رولز میں ظالمانہ ترامیم سے جہاں سرکاری ملازمین کا معاشی استحصال ہوا ہے تو دوسری طرف اساتذہ کو LPR پر بھیجنے کی وجہ سے اساتذہ کی شدید کمی پیدا ہوگی پہلے ہی سرکاری تعلیمی اداروں میں اساتذہ و ہیڈز کی سوا لاکھ کے قریب آسامیاں خالی پڑی ہیں پچھلے 6 سالوں میں ایک بھی استاد بھرتی نہیں کیا گیا جس کی وجہ سے سینکڑوں (بقیہ نمبر53)

ہم سب پاکستانی ہے پاکستان ہی ہمارا گھر ہے: بیرسٹر امجد ملک

کانفرنس کے اختتام پہ ملکی سلامتی کے لیئے دعائیں کی گئیں اور پاکستان زندہ باد کے نعرے لگائے

لاہور (نیوز رپورٹر) مسلم لیگ نون اوورسیز اور یوم پاکستان ہر سال کی طرح اس سال بھی 23 مارچ یوم پاکستان کے حوالے سے پاکستان مسلم لیگ ن اورسیز کے زیر اہتمام ایک زوم کانفرنس کا انعقاد کیا گیا۔ کانفرنس کی صدارت مسلم لیگ نون انٹرنیشنل آفئیرز کے سنیئر نائب صدر و چیف کوآرڈینیٹر بیرسٹر امجد ملک نے کی۔ کانفرنس میں پوری دنیا سے مختلف ملکوں کے مسلم لیگ نون کی تنظیم کے (بقیہ نمبر 52)

تھرپارکر، سندھ رینجرز کا آگ سے متاثرہ خاندانوں میں امدادی سامان تقسیم

متاثرہ خاندانوں میں راشن، ٹینٹ، مچھر دانیاں، پینے کا صاف پانی، خواتین اور بچوں میں کپڑے بھی تقسیم کیے گئے

تھرپارکر (آئی این پی) پاکستان رینجرز سندھ کی جانب سے ضلع تھرپارکر میں آتشزدگی سے متاثر ہونے والے افراد میں امدادی سامان تقسیم کیا گیا۔ پاکستان رینجرز سندھ نے تحصیل اسلام کوٹ میں متاثرہ خاندانوں میں راشن، ٹینٹ، مچھر دانیاں، پینے کا صاف پانی، خواتین اور بچوں میں کپڑے بھی تقسیم کیے۔ واضح رہے آتشزدگی کا واقعہ 20 مارچ 2024 کو پیش آیا، جس میں 50 گھر تباہ، ایک (بقیہ نمبر51)

ملک معاشی طور پر تباہ ہو چکا ہے، جمشید دستی

پی ڈی ایم دور حکومت میں مظفر گڑھ کی فیکٹریوں سے 10 ہزار مزدور نکالے گئے

مظفر گڑھ (این این آئی) سنی اتحاد کونسل کے رکن قومی اسمبلی (ایم این اے) جمشید دستی نے کہا ہے کہ ملک معاشی طور پر تباہ ہو چکا ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے جمشید دستی نے کہا کہ پی ڈی ایم دور حکومت میں مظفر گڑھ کی فیکٹریوں سے 10 ہزار مزدور نکالے گئے۔ انہوں نے کہا کہ آٹے کے حصول کے لئے قطاریں لگی ہوئی ہیں۔

یوکرین، دارالحکومت کیف پر روس کے درجنوں فضائی حملے، ہائی الرٹ جاری

کیف کے قریب تقریباً ایک درجن روس کے میزائلوں کو تباہ کر دیا، ، یوکرین

کیف (آئی این پی) روس نے یوکرین کے دارالحکومت کیف پر درجنوں فضائی حملے کیے جس کے بعد یوکرین کو ہائی الرٹ کر دیا گیا۔ روس کی جانب سے فضائی حملے مقامی وقت کے مطابق اتوار کی صبح 5 بجے شروع ہوئے تھے۔ یوکرین کی فوج نے کہا کہ اس کا فضائی دفاعی نظام جوابی کارروائی کرے گا۔ کیف کی فوجی انتظامیہ کے سربراہ سرہی پوپکو نے ٹیلی گرام پر بتایا کہ یوکرین کی فضائی دفاعی افواج نے کیف اور دارالحکومت کے آس پاس کے قریب ایک درجن کے قریب روس کے میزائلوں کو تباہ کر دیا۔ انہوں نے کہا کہ حملوں کے نتیجے میں کسی جانی یا بڑے نقصان کی کوئی اطلاع نہیں ہے۔

نائلہ کیانی کو اعلیٰ ترین سول ایوارڈ ستارہ امتیاز سے نوازا گیا

نائلہ کیانی کوہ پیمائی کے میدان میں ایک روشن مثال کی حیثیت رکھتی ہیں

اسلام آباد (پریس ریلیز) پاکستان کی بہادر اور نامور خاتون کوہ پیما نائلہ کیانی کی شاندار کامیابیوں کا سلسلہ جاری ہے۔ حال ہی میں یوم پاکستان کے موقع پر ایوان صدر میں منعقدہ تقریب میں صدر پاکستان کی جانب سے اعلیٰ ترین سویلین یوارڈ ستارہ امتیاز حاصل کر کے انہوں نے اپنے تاج میں ایک اور نگینہ کا اضافہ کیا ہے۔ نائلہ کیانی کوہ پیمائی کے میدان میں ایک روشن مثال کی حیثیت رکھتی ہیں، جن کے حاصل کردہ سنگ میل انہیں منفرد پہچان دیتے ہیں۔ قابل ذکر بات یہ ہے کہ انہیں 8000 میٹر سے بلند دس چوٹیاں سر کرنے والی پہلی پاکستانی خاتون کوہ پیما کا اعزاز بھی حاصل ہے۔ مزید برآں وہ پہلی پاکستانی خاتون کوہ پیما بھی ہیں، جنہوں نے محض چھ ماہ کی (بقیہ نمبر 49)

لاہور، محنت کش خواتین گھر کا چولہا جلانے کیلئے لکڑیاں اکھٹی کررہی ہیں

کراچی کے رہائشی سیکیورٹی گارڈ کی دو نوجوان بیویاں گھر سے لاپتہ

اسمعیل اور صدیق میری دونوں بیویوں کو بہلا پھسلا کر لے گئے، شوہر کا الزام

کراچی (آئی این پی) بن قاسم پولیس نے واقعہ کا مقدمہ مدعی کی جانب سے نامزد کیے جانے والے ملزمان کے خلاف درج کرلیا۔ مدعی مقدمہ رحمت اللہ نے پولیس کو بیان دیا ہے کہ وہ سیکیورٹی گارڈ کمپنی میں ملازمت کرتا ہے اور اس نے دو شادیاں کی ہوئی ہیں جس میں 27 سالہ پہلی بیوی ہیر اور دوسری بیوی 25 سالہ عابدہ ہے۔ دونوں بیویاں میرے ساتھ ایک ہی گھر میں رہتی ہیں۔ 10 مارچ کو وہ صبح 7 بجے اپنی ڈیوٹی پر چلا گیا اور جب واپس شام پانچ بجے کے قریب گھر پہنچا تو دروازہ کھلا ہوا تھا اور (بقیہ نمبر 44)

تحصیل شالیمار کے زیر اہتمام یوم پاکستان کے موقع پر ریلی

قیادت تحصیلدار رانا ندیم، تاجر رہنما حاجی اکرم نے کی، ''پاکستان زندہ باد کے نعرے''

لاہور (سٹی رپورٹر) یوم پاکستان (23 مارچ) کی مناسبت سے ملک بھر کی طرح ضلعی انتظامیہ لاہور، سول سوسائٹی اور ٹریڈرز یونین شالیمار لنک روڈ کے زیر اہتمام تحصیل شالیمار لاہور میں بھی ریلی کا انعقاد کیا گیا۔ سول سوسائٹی کی جانب سے لاہور کے تاریخی اہمیت کے حامل شالیمار باغ سے ریلی کا انعقاد کیا گیا جس کی قیادت ضلعی انتظامیہ لاہور کی جانب سے تحصیلدار رانا ندیم اور چیئرمین ٹریڈرز یونین شالیمار لنک روڈ حاجی اکرم نے کی۔ ریلی میں تاجر برادری، طلباء اور سول سوسائٹی کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ ریلی میں شریک افراد نے پاکستان زندہ باد کے نعرے لگائے۔ تحصیلدار رانا ندیم نے (بقیہ نمبر 43)

پیپلز پارٹی لاہور کے سیکرٹری فنانس اشرف خان کی جانب سے اپنی رہائشگاہ پر دیئے گئے افطار کے موقع پر نیلم جبار، منیر ہانس، ودیگر شریک ہیں

اڑھائی کروڑ کی پراپرٹی پر این او سی 7E لینے کی شرط کا دوبارہ اطلاق

وفاقی حکومت نے رئیل اسٹیٹ سیکٹر میں 7 ای قانون کا دوبارہ اطلاق کا فیصلہ کرلیا

لاہور (سٹاف رپورٹر) اڑھائی کروڑ روپے کی پراپرٹی پر ایف بی آر سے این او سی 7E لینے کی شرط کا دوبارہ اطلاق، وفاقی حکومت نے رئیل اسٹیٹ سیکٹر میں 7 ای قانون کا دوبارہ اطلاق کا فیصلہ کرلیا۔ 7 ای کے دوبارہ نفاذ پہ لاہور کی پراپرٹی ڈیلرز ایسوسی ایشن کا شدید تحفظات کا اظہار۔ لاہور کے (بقیہ نمبر 1)

رواں برس کا پہلا چاند گرہن آج ہوگا، پاکستان میں دیکھنا ممکن نہیں

اس جزوی چاند گرہن کے دوران زمین کا بہت کم سایہ چاند پر نظر آئے گا

اسلام آباد (آئی این پی) 2024 کا پہلا چاند گرہن (آج) 25 مارچ کو ہوگا۔ چاند گرہن پاکستان میں دیکھنا ممکن نہیں ہوگا، اس جزوی چاند گرہن کے دوران زمین کا بہت کم سایہ چاند پر نظر آئے گا، اس سے چاند کا کوئی حصہ چھپتا نہیں، اس طرح کے چاند گرہن کو پینمبرل چاند گرہن کہا (بقیہ نمبر36)

لاہور، جیلانی پارک میں بچے پھولوں کی نمائش دیکھ رہے ہیں

حکومت سیکیورٹی سسٹم بہتر بنائے: فہیم الرحمان سہگل

صنعتی سامان لٹ جانے سے صنعتوں میں اشیاء کی ترسیل متاثر ہورہی ہے، چیئرمین پیاف

لاہور (نیوز رپورٹر) چیئرمین پاکستان انڈسٹریل اینڈ ٹریڈرز ایسوسی ایشنز فرنٹ (پیاف) فہیم الرحمان سہگل نے سندھ میں تاجروں کے صنعتی مال سے بھرے کنٹینرز کے لٹنے پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت اس چیز کا فوری نوٹس لے، تاجروں، امپورٹرز اور ایکسپورٹرز کو اپنے مال کے لٹ جانے سے بھاری نقصان کا سامنا ہے، حکومت ہنگامی بنیادوں پر سیکورٹی سسٹم کو بہتر بنائے۔ آئے روز سامان لٹ جانے سے تاجروں میں تشویش کی لہر پائی جاتی ہے اور احساس تحفظ ختم ہوتا جا رہا ہے، صنعتوں میں اشیاء کی ترسیل متاثر ہورہی ہے جس سے ملکی وغیر ملکی آڈرز کی تکمیل میں تاخیر کا سامنا ہے۔ فہیم الرحمان سہگل نے کہا کہ جو مال منزل مقصود پر 3 دن میں پہنچ جاتا تھا وہ اب 6 سے 7 دن میں پہنچتا ہے اور اڈے والوں نے سامان پہنچانے کا کرایہ بھی بڑھادیا ہے

قومی کرکٹرز کی نعت رسول مقبول ﷺ پڑھنے کی ویڈیو نے دل موہ لیے

مدینہ منورہ (آئی این پی) قومی کرکٹرز کی مدینہ منورہ جاتے وقت نعت رسول مقبول ﷺ پڑھنے کی ویڈیو نے دل موہ لیے۔ پاکستان سپر لیگ 9 کے ختم ہوتے ہی بیشتر کرکٹرز رمضان کے مہینے میں عمرے کی سعادت حاصل کرنے سعودی عرب پہنچے ہوئے ہیں، ان کرکٹرز میں سابق کپتان بابر اعظم، امام الحق، نسیم شاہ اور افتخار احمد شامل ہیں۔ سوشل میڈیا پر قومی کرکٹرز کی ایک ویڈیو وائرل ہورہی ہے جس میں قومی کرکٹرز کو بس میں بیٹھے دیکھا جاسکتا ہے۔ ویڈیو میں دیکھا جاسکتا ہے بس میں سوار کرکٹرز مدینہ کی جانب جارہے ہیں اور اس دوران کرکٹرز نے آخری نبی ﷺ سے محبت کا اظہار کرتے ہوئے نعتیہ کلام پیش کیا ہے۔

الشفا کمپلیکس کے قریب 3 اسرائیلی ٹینکوں، فوجی گاڑی پر حملہ

غزہ (آئی این پی) حماس کے القسام بریگیڈز کے اسرائیلی فوج پر حملے جاری ۔ القسام بریگیڈز کے مطابق غزہ شہر میں الشفا کمپلیکس کے جنوب میں صیہونی فوجی گاڑی اور الشفا کمپلیکس کے قریب 3 اسرائیلی ٹینکوں کو براہ راست نشانہ بنایا۔ القسام بریگیڈز کا کہنا ہے کہ غزہ شہر کے الشفا اسپتال کے اطراف میں گھسنے والی متعدد اسرائیلی فوجی گاڑیوں کو تباہ کردیا گیا ہے، جس میں متعدد اسرائیلی فوجی ہلاک اور زخمی ہوئے ہیں۔

پاکستانی وفد دوطرفہ تجارتی چیلنجز پر بات چیت کیلئے (آج) کابل کا دورہ کرے گا

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان کی وزارت تجارت دوطرفہ تجارتی امور پر تبادلہ خیال کرنے اور پاکستان اور افغانستان کے درمیان سرحدی کراسنگ پوائنٹس پر ٹرانسپورٹرز اور تاجروں کو درپیش رکاوٹوں کو دور کرنے کے لیے مشترکہ اقدامات کرنے کے لیے ایک وفد کابل بھیجنے کے لیے تیار ہے۔ ملک کے برآمدات کو فروغ دینے والے ادارے ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان کے چیف ایگزیکٹو آفسر محمد زبیر موتی والا نے بتایا کہ پاکستان کی وزارت (بقیہ نمبر 37)

لاہور، گورنر پنجاب بلیغ الرحمٰن نعیم بادشاہ ودیگر قطر اسلامک سکول کا افتتاح کررہے ہیں

عوامی مینڈیٹ چوری کرنے والے جلد گھروں کو لوٹ جائیں گے: سراج الحق

حکمرانوں نے عوام کے ہاتھوں پر آئی ایم ایف کی ہتھکڑیاں لگادیں، جہاں قرآن مخالف سودی نظام، رشوت ہو، لاقانونیت ہو، وہ ملک ترقی نہیں کرسکتا

آج کمرتوڑ مہنگائی نے عوام کا جینا دوبھر کردیا ہے، رہی سہی کسر بجلی اور گیس کے بھاری بھرکم بلز نکال رہے ہیں، امیر جماعت اسلامی کی میڈیا سے گفتگو

جڑانوالہ (مانیٹرنگ ڈیسک) امیر جماعت اسلامی پاکستان سراج الحق نے کہا ہے کہ عوامی مینڈیٹ چوری کرنے والے جلد گھروں کو لوٹ جائیں گے۔ جڑانوالہ میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سراج الحق نے کہا کہ عوامی مینڈیٹ چوری کر کے اسمبلیوں میں پہنچنے والے جلد گھروں کو واپس لوٹ جائیں گے، حکمرانوں نے اپنی آسائشوں کی تکمیل کیلئے غریب عوام کے ہاتھوں پر آئی ایم ایف کی ہتھکڑیاں لگادیں ہیں۔ سراج الحق کا کہنا تھا کہ آج (بقیہ نمبر38)

صدرِ مملکت آصف علی زرداری نے طارق پاشا کو ہلالِ امتیاز عطاء کیا

طارق پاشا 39 سال بطور سول سرونٹ پنجاب اور وفاق میں مختلف عہدوں پر فائز رہے

اسلام آباد (این این آئی) شہباز شریف کی سابق وزارتِ عظمیٰ میں معاونِ خصوصی طارق پاشا کو ہلالِ امتیاز عطا کیا گیا ہے۔ صدرِ مملکت آصف علی زرداری نے طارق پاشا کو ہلالِ امتیاز عطا کیا۔ طارق پاشا 39 سال بطور سول سرونٹ پنجاب اور وفاق میں مختلف عہدوں پر فائز رہے۔ انہوں نے پنجاب میں قرآن پاک کی اعلیٰ کوالٹی کاغذ پر چھپائی کو یقینی بنایا اور پنجاب میں قرآن پاک کے شہید نسخے (بقیہ 9 نمبر 30)

اسلام آباد، سستے رمضان بازار میں شہری سبزیاں خرید رہے ہیں

خیر پور، صوفی شاعر حضرت سچل سرمست کے 3 روزہ عرس کا آغاز

عرس کے پہلے روز سجادہ نشین خواجہ عبدالحق فاروقی نے مزار کو عرقِ گلاب سے غسل دیا گیا

خیر پور (این این آئی) خیر پور میں سندھ کے صوفی شاعر حضرت سچل سرمست کے 3 روزہ عرس کا آغاز ہوگیا۔ خیر پور کے علاقے درازہ شریف میں سندھ کے صوفی شاعر حضرت سچل سرمست کے 3 روزہ عرس کا پہلا روز رہا۔ عرس کے پہلے روز سجادہ نشین خواجہ عبدالحق فاروقی نے مزار کو عرق گلاب سے غسل دیا گیا اور پھولوں کی چادر چڑھائی۔ اس موقع پر سجادہ نشین خواجہ عبدالحق نے کہا کہ حضرت سچل (بقیہ نمبر41)

بارکھان میں بائیکر سے موٹر سائیکل چھیننے کا واقعہ وزیراعلیٰ کا نوٹس

لیویز فورس کی فوری متحرک کارروائی، 24 گھنٹے کے اندر اندر موٹر سائیکل برآمد کرلیا

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی جانب سے بارکھان میں کوئٹہ کے رہائشی بائیکر سے موٹر سائیکل، موبائل و نقدی چھیننے کے واقعہ کا نوٹس لینے کے بعد لیویز فورس نے متحرک کارروائی کے بعد 24 گھنٹے میں چھینی گئی ہیوی بائیک برآمد کرلی، ڈپٹی کمشنر بارکھان فلائٹ لیفٹیننٹ (ر) بلال شبیر کے مطابق یہ واقعہ گزشتہ روز عصر کے وقت چھپیر کے مقام پر پیش آیا جہاں مسلح افراد نے کوئٹہ سے تعلق رکھنے والے بائیکر عنایت اللہ ولد بسم اللہ خلجی سے موٹر سائیکل موبائل و نقدی چھین لی تھی واقعہ کی خبر وائرل ہونے پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس کا نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ حکام کو فوری کارروائی کا حکم دیا جس پر لیویز فورس تونسہ روڈ چھپیر انچارج جمعید ارشاد زمان کھیتران اور ان کی ٹیم نے کارروائی کرتے ہوئے 24 گھنٹے سے کم وقت میں تغاوروڈ کے پہاڑی علاقے سے فائرنگ کے تبادلے کے بعد موٹر سائیکل برآمد کرلیا تاہم اندھیرے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے ملزمان فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے جن کی تلاش جاری ہے ضلع انتظامیہ بارکھان کے حکام نے بتایا ہے کہ بائیکر کوئی ٹورسٹ نہیں بلکہ عام شہری ہے جو کوئٹہ سے کوہ سلیمان توخ جارہا تھا، لیویز فورس اس واقعہ کی مزید تفتیش اور ملزمان تک پہنچنے کے لئے کارروائی کررہی ہے، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ڈپٹی کمشنر بارکھان اور کارروائی میں حصہ لینے والے لیویز کے جوانوں کو شاباش دی ہے دوسری جانب بائیکر عنایت اللہ ولد بسم اللہ خلجی نے فوری دادرسی پر وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا شکریہ ادا کیا ہے۔

چنیوٹ، کنویں کے ملبے تلے پھنسے باپ بیٹے کی لاشیں برآمد

چنیوٹ (این این آئی) چنیوٹ میں کنویں کی کھدائی کے دوران پھنسے باپ بیٹے کی لاشیں نکال لی گئیں۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق ریسکیو آپریشن کے دوران زخمی ہونے والا شخص بھی اسپتال میں دم توڑ گیا ہے۔ ریسکیو ذرائع نے بتایا ہے کہ تینوں افراد کی لاشیں ورثاء کے حوالے کردی گئیں۔ یاد رہے کہ موضع سلیمان میں کنویں کی صفائی کے دوران مٹی کا تودہ گر گیا تھا جس کے نتیجے میں باپ بیٹا ملبے تلے دب گئے تھے۔

گوجرخان، بیوپاری کو چلتی گاڑی کیساتھ باندھ کر سڑک پر گھسیٹنے کا واقعہ، 2 ملزمان گرفتار

گوجرخان (آئی این پی) تھانہ گوجرخان کے علاقے میں مسلح ڈاکو پولٹری کے بیوپاری کو تشدد کا نشانہ بناتے ہوئے نقدی چھیننے کے بعد چلتی گاڑی کے ساتھ باندھ کر سڑک پر گھسیٹتے رہے۔ واقعے کی فوٹیج بھی سامنے آگئی جس میں بیوپاری کو گاڑی کے ساتھ سڑک پر گھسیٹتے دیکھا جاسکتا ہے۔ پولیس نے ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کرلیا۔ مدعی مقدمہ ہارون رشید کے مطابق مرغی سپلائی کرنے بعد مختلف دکانداروں سے بقایاجات اکھٹے کر رہا تھا اور 10 لاکھ روپے کی رقم وصول کر کے قمیض کے نیچے پہنی بنیان کی جیبوں میں رکھ لیے۔ بہار کالونی سے گلیانہ موڑ پر (بقیہ نمبر 40)

سرگودھا، پتنگ بازی کا خونی کھیل ایک اور معصوم کی جان لے گیا

سرگودھا (آئی این پی) پنجاب میں پتنگ بازی نہ رک سکی، خونی کھیل ایک اور معصوم بچے کی جان لے گیا۔ جھال چکیاں کے علاقے تغلق پارک میں ماں باپ کا اکلوتا کمسن بچہ پتنگ لوٹتے ہوئے کرنٹ لگنے سے جاں بحق ہوگیا۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق بچہ لوہے کا پائپ اٹھا کر کٹی ہوئی پتنگ لوٹ رہا تھا کہ پائپ ہائی وولٹیج تاروں سے ٹکرا گیا، پائپ ٹکراتے ہی بچے کو زوردار کرنٹ لگا جس سے وہ موقع پر ہی دم توڑ گیا

چیف ایڈیٹر: مسز راحت آراء
ایڈیٹر: حیدر علی بھٹی
پرنٹر و پبلشر اصغر علی جٹ نے مسافت پرنٹرز سے چھپوا کر آٹو سنٹر 108 لٹن روڈ لاہور سے شائع کیا
رابطہ نمبر۔ 0320-1420226